# ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ

ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು–560003

**KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD**

Malleshwaram, Bengaluru-560003

## 2025–26ರ ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಮಾದರಿ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆ

## S.S.L.C MODEL QUESTION PAPER-1 : 2025-26

**ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ ಉರ್ದು**

SUBJECT: **Third Language Urdu**

**ಸಮಯ: 3 ಗಂಟೆ** | **ವಿಷಯ ಸಂಕೇತ: 66U**

**ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80** | **Subject Code: 66U**

---

عام ہدایات :

۱- اِس سوالی پرچہ میں 38 سوالات ہیں -

2 - معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں-

3 - بائیں ہاتھ کے حاشیے پر پورے مارکس دیے گئے ہیں-

4 - جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے- اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں-

(ಈ ಕೆಳಗಿನಂತೆ ಸೂಚನೆಗಳನ್ನು ತರ್ಜುಮೆ ಮಾಡುವುದು)

1. ಈ ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯು ಒಟ್ಟು 38 ಪ್ರಶ್ನೆಗಳನ್ನು ಹೊಂದಿದೆ.
2. ಪ್ರಶ್ನೆಗಳಿಗೆ ಕೊಟ್ಟಿರುವ ಸೂಚನೆಗಳನ್ನು ಪಾಲಿಸಿ.
3. ಬಲ ಭಾಗದಲ್ಲಿ ಕೊಟ್ಟಿರುವ ಅಂಕಿಗಳು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳಿಗಿರುವ ಪೂರ್ಣ ಅಂಕಗಳನ್ನು ತೋರಿಸುತ್ತವೆ.
4. ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯನ್ನು ಓದಿಕೊಳ್ಳಲು 15 ನಿಮಿಷಗಳ ಕಾಲಾವಕಾಶವು ಸೇರಿದಂತೆ, ಉತ್ತರಿಸಲು ನಿಗದಿಪಡಿಸಲಾದ ಸಮಯವನ್ನು ಪ್ರಶ್ನೆಪತ್ರಿಕೆಯ ಮೇಲ್ಭಾಗದಲ್ಲಿ ನೀಡಲಾಗಿದೆ.

**I - درج ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دئے گئے ہیں۔ موزوں ترین جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔**
**8X1=8**

1. حضور اکرم ﷺ کی تعریف و توصیف میں لکھی گئی نظم کہلاتی ہے۔

A) مرثیہ    B) غزل

C) حمد    D) نعت

2. وہ الفاظ جو کسی اسم یا فعل کے ساتھ آکر کوئی خاص بات پیدا کرتے ہیں۔

A) حروفِ ربط    B) حروفِ عطف

C) حروفِ تخصیص    D) حروفِ فجائیہ

3. "تمہید" مضمون کا حصّہ ہے۔

A) درمیانی حصّہ ہے    B) پہلا اور اہم حصّہ ہے

C) آخری حصّہ ہے    D) غیر ضروری حصّہ

4. واحد، جمع کے اعتبار سے غیر متعلق لفظ الگ کیجیے۔

A) اوقات
B) طور
C) دفتر
D) تعمیر

5. " اگر تم نہ آئے تو ٹھیک نہیں ہوگا" اس جملے میں حروفِ شرط ہے۔

A) ٹھیک
B) تم
C) ہوگا
D) اگر

6. "فاطمہ اچھی لڑکی ہے "اس جملہ میں مسند الیہ ہے۔

A) اچھی
B) ہے
C) فاطمہ
D) لڑکی

7. یہ ایک ڈرامہ ہے۔

A) جاپان چلو جاپان چلو　　　B) خاکِ وطن اور خونِ شہیداں

C) سلیمان خطیب　　　D) ملّا نصیر الدین کے قصّے

8. چار مصرعوں پر مشتمل نظم کہلاتی ہے۔

A) رباعی　　　B) قصیدہ

C) مرثیہ　　　D) غزل

**II - پہلے دو لفظوں میں جس طرح کا جوڑ اور مناسبت ہے اسی طرح کا مناسب جوڑ تیسرے لفظ کے لئے لگایئے۔** **4X1=4**

9. سفوف : مذکر :: پیمائش : ------------------

10. قدیم : جدید :: اعلیٰ : ------------------

11. کثرت : زیادہ :: کسرت : ------------------

12. ٹپک پڑنا : اچانک حاضر ہونا :: چال چلنا : ------------------

**III** - درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے۔ **4X1=4**

13. "نانو" سے کیا مراد ہے؟

14. مولانا محمد علی جوہر کا لقب کیا تھا؟

15. عطا کلیانوی کے نزدیک ماحول ناساز کیوں ہے؟

16. ہمارا مدّعا کیا ہونا چاہیئے؟

**VI** - درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے۔ **8X2=16**

17. ریاست میسور پر کن کن خاندانوں نے حکومت کی؟

18. پہلے دو کلرک کن کاموں پر فائز تھے؟

19. قدیم دور میں سائنس کی کونسی شاخیں تھیں؟

20. سر ایم وشویشوریا کو میسور کے دیوان کا عہدہ کس نے اور کیوں پیش کیا؟

21. مولانا محمد علی جوہرؔ کے والدین کا نام کیا تھا؟

22. صبح سویرے پروفیسر راہیؔ کی مصروفیات کیا ہوتی تھیں؟

23. سلیمان خطیب صاحب کا حلیہ بیان کیجئے؟

24. شاعر سید احمد شاکرؔ نے کن کن باتوں کا بُرا انجام دیکھا ہے؟

V - درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھیے۔ 9X3=27

بحوالۂ متن درج ذیل جملوں کی وضاحت کیجئے۔

25. " نہ کھائیں تو زندہ کیسے رہیں۔"

26. " ارے بے وقوفو! میں پچھلے دروازے سے بھی تو باہر جا سکتا تھا۔"

27. " کوئی دن کوئی گھڑی از خود نجس نہیں ہوتی۔ ہمارے اعمال اسے اچھا یا برا بناتے ہیں"

28. درج ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے۔

(i) مجتبیٰ حسین

(ii) ڈاکٹر وحید انجمؔ

29. درج ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے۔

(i) مولانا ابوالبیان حمادؔ

(ii) فراقؔ گورکھپوری

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔

30. ہم وہاں ہیں جہاں سے ہم کو بھی

کچھ ہماری خبر نہیں آتی

31. ازل میں ملا کیا نہ عالم کے تئیں

قضا نے یہی دل دِلایا ہمیں

32. جس دن سے چلا ہوں مری منزل پہ نظر ہے

آنکھوں نے کبھی میل کا پتھر نہیں دیکھا

33. درج ذیل انگریزی تحریر کا اردو میں ترجمہ کیجیے۔

(I) The National flag of India is known as “Tiranga”.

(II) Our National flag has three colour Saffron,White and Green.

(III) Each colour has a special meaning.

**V I- درج ذیل سوالات کے جوابات تفصیل سے لکھیے۔** **4X4=16**

34. "حمد" کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھیے۔

35. اُم المومنین حضرت عائشہؓ کی فیاضی و سخاوت کا کوئی واقعہ بیان کیجیے؟

یا

کلبرگی کی جامع مسجد کی تاریخی اہمیت پر نوٹ لکھیے؟

36. درج ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

کوہِ طور کو کوہِ سینا بھی کہا جاتا ہے۔ یہ پہاڑ ملکِ شام میں واقع ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اللہ کے برگزیدہ بندے اور پیغمبر تھے۔ آپ نے اس پہاڑ پر چڑھ کر اللہ تعالیٰ کو اپنا جلوہ دکھانے کی ضد کی۔ اللہ نے اپنی تجلی دکھائی اور موسیٰ علیہ السلام سے کلام کیا اور دس شرعی احکام نازل فرمائے تھے۔ اس لئے موسیٰ علیہ السلام کو کلیم اللہ کہا جاتا ہے۔ اللہ کی تجلی کی تاب نہ لاکر موسیٰ علیہ السلام بے ہوش ہوگئے اور کوہِ طور جل کر خاک ہوگیا۔

سوالات :۔

(i). کوہِ سینا کسے کہتے ہیں؟

(ii). کوہِ طور کہاں واقع ہے؟

(iii). حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے کس کی ضد کی؟

(vi). اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو کتنے شرعی احکام نازل فرمائے؟

37. درج ذیل کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔

(i) تعلیم کی اہمیت

یا

(ii) سائنس کے کرشمے

**IIV-** خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے۔

**1X5=5**

38. اپنے میر مدرس کے نام ایک درخواست لکھئے جس میں کوئی مناسب وجہ بتلا کر دو دن کی چھٹی طلب کیجئے۔

یا

اپنی پڑھائی کے متعلق جانکاری دیتے ہوئے اپنے والد / والدہ کو ایک خط لکھئے۔